بدولت انگلشیہ مخلص [illegible] امیر الامرا نواب سر سید محمد حامد علیخان صاحب بہادر مستند جنگ [illegible] جی سی آئی

ریاست رامپور

دبدبۂ سکندری

مدیر۔ فضل حسن صابری

نائب مدیر۔ صابر حسن قادری

۱۱۱۹/۵۰۶

فیض روحانی تاج الاصفیاء رئیس الفقرا حضرت مولانا شاہ فاروق حسن صاحب صابری چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ

[illegible] سکندر ماہ [illegible] / [illegible] بستہ کمر بچاکری	گشت [illegible] زیادہ تر / شہرۂ شہر دور گرد رعب جلال قیصری
[illegible] تاریخ است [illegible] / سلطنت شاہ باینود دبدبۂ سکندری

اشتہار ضوابط اخبار دبدبۂ سکندری رامپور

[illegible] ۹۰ سال سے ریاست رامپور (ملک متحدہ) میں [illegible] اقوال بزرگان دین و مضامین نامہ نگاران کے مراسلات [illegible] رعایا و گورنمنٹ [illegible] تعلقات پیدا ہوں [illegible] انگریزی [illegible] دلچسپ [illegible] تازہ خبریں شائع ہوتی ہیں۔

قیمت کی چار درجات پر منقسم ہے (۱) جلیل القدر والیان ریاست و معززین [illegible] (ب) [illegible] سالانہ پیشگی [illegible] (ج) قدردان شائقین سے سالانہ پیشگی [illegible]

حضرات سادات کرام و [illegible] خاص رعایت [illegible]

[illegible] اخبار بعض خاص صورتوں میں [illegible] خریداری [illegible] بھیجا جاتا ہے [illegible] خریداری منظور ہو اخبار رکھ لیں [illegible]

[illegible] عدم ترسیل اخبار کی اطلاع دیں۔

تمام خط و کتابت و ترسیل زر بنام مالک و [illegible] محمد فضل حسن خان صابری

[illegible]

[illegible] اجرت اشتہارات [illegible] واجب الادا ہوگی

[illegible] حضرات نامہ نگار [illegible] مضامین [illegible] نامہ نگار [illegible] مضامین [illegible] دبدبۂ سکندری [illegible] اجرت [illegible] شائع کئے جائیں گے [illegible] ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجئے [illegible] جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ بھیجئے

نرخ نامہ اشتہارات تجارتی اخبار دبدبۂ سکندری رامپور اسٹیٹ

مدت طبع	چہارم کالم	نصف کالم	ایک کالم	پورا صفحہ
ایک ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دو ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ایک سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہوالغنی — حق حق حق

دبدبۂ سکندری رامپور

بروز دوشنبہ

۲۳ ذی الحجۃ المبارک ۱۳۴۷ھ مطابق ۳ جون ۱۹۲۹ء

حضرات عارفان حق کے حالات

[illegible] شیدائی شہنشاہ متقرب و اعتراف مریم ثانی

حضرت بی رابعہ بصری رحمۃ اللہ علیہا کے حالات شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ جب دوبارہ آپ حج کو چلیں تو آپ نے بیابان میں دیکھا کہ کعبہ آپ کے استقبال کے لئے آ رہا تھا آپ نے فرمایا مجھے مالک کعبہ یعنی اللہ تعالے چاہئے میں خانہ کعبہ کو کیا کروں من تقرب الی شبرا تقربت الیہ ذراعا یعنی اللہ تعالے فرماتا ہے جو آتا ہے میری طرف ایک بالشت میں جاتا ہوں اوسکی طرف ایک گز میں کعبہ کو کیا دیکھوں اور کعبہ کے جمال سے کیا خوش ہوں میری خوشی دیدار الٰہی میں ہے حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ جب حج کرنے چلے تو اس امر کا التزام کیا کہ ہر قدم پر دو رکعت نماز ادا کرتے اسطرح آپنے چودہ برس میں سفر حج کا راستہ طے فرمایا۔ در حقیقت آپ فرماتے تھے کہ دوسرے اس راہ میں قدم سے چلتے ہیں میں آنکھوں سے چلونگا جب آپ مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تو خانہ کعبہ دکھائی نہ دیا آپنے بہت افسوس کر کے کہا کہ شاید میری بصارت میں فرق آ گیا جو مجھے خانہ کعبہ دکھائی نہیں دیتا غیب سے آواز سنائی دی کہ اے ابراہیم تیری بصارت میں نقصان نہیں آیا بلکہ ایک ضعیفہ یہاں آ رہی ہے کعبہ اوسکے استقبال کو گیا ہے آپکو غیرت معلوم ہوئی اور شدت گریہ و زاری فرما کر استغفار کیا اے پروردگار وہ کون سی باعظمت عورت ہے جسکے استقبال کو کعبہ گیا ہے اتنے میں آپنے حضرت رابعہ بصری رحمہا اللہ کو دیکھا کہ آپ لکڑی ٹیکتی ہوئی آ رہی ہیں اب کعبہ آ کر اپنے مقام پر قائم ہوا حضرت ابراہیم بن ادہم نے کہا اے رابعہ تو نے کیا شور و غوغا جہان میں برپا کر رکھا ہے حضرت رابعہ رحمۃ اللہ علیہا نے فرمایا کہ شور تو تم نے برپا کر رکھا ہے کہ چودہ برس کے عرصہ میں خانہ کعبہ تک پہنچے ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہاں میں چودہ برس میں ہر قدم پر دو رکعت نماز ادا کرتا ہوا آیا ہوں رابعہ رحمہا اللہ نے فرمایا کہ تم نے نماز پڑھ کے راستہ طے کیا اور میں نے عجز و انکسار کے راستے طے کیا اسکے بعد حج ادا فرمایا اور زار زار رو کر دعا و مناجات میں عرض کرنے لگیں الٰہی تو نے حج پر بھی نیک وعدہ فرمایا ہے اور مصیبت پر بھی اب اگر میرا حج قبول نہ ہوا تو اس سے بڑھکر کون مصیبت ہے [illegible] کون مصیبت ہوگی اور میری اس مصیبت کا ثواب کہاں ہے پھر واپس آ کر بصرہ میں یاد الٰہی کرنے لگیں جب پھر زمانہ حج کا آیا تو کہنے لگیں سال گذشتہ کعبہ معظمہ نے میرا استقبال کیا تھا اس سال میں کعبہ معظمہ کا استقبال کروں گی۔ حضرت شیخ فارمدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب حج کا وقت آیا تو آپ بیابان کی طرف نکل گئیں اور سات برس میں پہلو کے بل لڑھکتی ہوئی عرفات میں داخل ہوئیں غیبی آواز آئی کہ اے طالب دیدار یہ کیسی آرزو ہوئی ہے اگر تو مجھے چاہتی ہے تو درخواست کر میں تجلی کروں اور دم بھر میں تو جلکر خاکستر ہو جائے آپ نے فرمایا مجھے اسکی طاقت نہیں ہے البتہ مرتبہ فقر کی طالب ہوں ندا آئی اے رابعہ فقر ہمارے قہر کا خشکسالی ہے جسے ہم نے اون مردوں کے لئے رکھا ہے کہ جو ہمارے وصال کی بارگاہ سے بالکل مل جاتے ہیں اور جسکے بال سے نامہ فرق نہیں رہتا اوسوقت ہم معاملہ الٹ دیتے ہیں یعنی پھر انہیں اپنی بارگاہ سے دور کرتے ہیں اور باوجود اسکے وہ ہم سے شکستہ خاطر نہیں ہوتے بلکہ ہمارا قرب حاصل کرنے میں سرگرم رہتے ہیں لیکن اے رابعہ تو ابھی زمانہ کے ستر پردوں میں ہے جبتک تو ان پردوں سے باہر نکلکر ہماری راہ میں صدق دل سے قدم نہ رکھے اوسوقت تک تجھے فقر کا نام لینا نا زیبا ہے پھر حکم ہوا دیکھ حضرت رابعہ نے دیکھا تو ایک خون کا دریا ہوا میں معلق نظر آیا غیبی آواز آئی کہ یہ دریا ہمارے عشاق کے آنکھوں کے خون کا ہے جو ہماری طلب میں مستغرق ہوئے اور پہلی ہی منزل میں ایسے غرق ہوئے کہ دونوں عالم میں انکا پتہ نہیں ملتا حضرت رابعہ بصری رحمہا اللہ نے فرمایا اے اللہ ایک صفت اونکی دولت سے مجھے بھی دکھا دے اوسوقت حضرت رابعہ بصری رحمہا اللہ کو عذر "حیض" جو عورتوں کو ہوا کرتا ہے پیدا ہوا آواز آئی کہ اونکا اول مقام یہی ہے جو سات برس پہلو کے بل چلتے ہیں تاکہ راہ الٰہی میں کسی معمولی چیز کی زیارت کریں اور جب اوس چیز کے قریب پہنچتے ہیں تو [illegible] ہو جاتی ہے حضرت رابعہ نے عرض کیا یا اللہ اگر تو مجھے اپنے گھر میں رہنے کی اجازت نہیں دیتا تو بصرہ میں کہ میرا وطن ہے

رہنے کی اجازت دے اور علی یہ ہو کہ مجھ میں یہ لیاقت نہیں کہ تیرے گھر میں رہ سکوں اسلئے کہ میں نے تیرے گھر میں بیٹھنے کے تمیز سے دیدار کی تمنا کی اسی محرومی کی میں سزاوار ہوں لیکن آپ کو مطلب ہے وہیں میں اور بعد میں گوشہ تنہائی کرکے عبادت الٰہی کرنے لگیں (باقی آئندہ)

آہ سجادہ نشین صاحب امیٹھا شریف

افسوس صد افسوس ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۴ھ کو حضرت جناب مولانا سید شاہ محمد فخر الدین صاحب سجادہ نشین درگاہ معلی سیدنا قدوۃ المتوکلین شاہ ابو المعالی قدس سرہ نے دار فانی سے مفارقت فرما کر پسماندگان اور ہم محبین کو داغ حسرت دیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت شاہ صاحب مرحوم ایک نہایت ستودہ صفات حلیم الطبع منکسر المزاج بزرگان سلف کے عمدہ نمونے تھے۔ باوجود اس ناتوانی و ضعف پیری کے نماز باجماعت و تہجد و سنن و نوافل کبھی قضا نہ ہوتے تھے۔ سچ یہ ہے کہ آپکا وجود باجود نہایت غنیمت تھا خداتعالیٰ آپکی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے ہم کو اس المناک حادثہ میں حضرت مرحوم کے چھوٹے برادر جناب سید شاہ محمد حسین صاحب صابری پیرزادہ امیٹھا شریف اور جناب مغفور کے فرزند رشید جناب سید شاہ شمس الدین صاحب صابری سے جو مرحوم کے بیچ نمونہ ہیں اور سجادہ نشین بھی ہوگئے ہیں دلی ہمدردی ہے اور ہم دست بدعا ہیں کہ مولیٰ تبارک و تعالیٰ آستانہ مبارک کا فیض ہمیشہ جاری رکھے۔ آمین۔

اجمیر قدس کی سالانہ بزم سلام

رفیق الشعرا جناب سید علی صاحب راحت پیرزادہ اجمیر شریف محلہ لاکھن کوٹھری حویلی پیرزادگان میں ۱۰ محرم ۱۳۴ھ کو سالانہ بزم سلام فی المنقبت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ منعقد کرینگے۔ مصارع طرح حسب ذیل ہیں۔ بجائے حسین علیہ السلام کو طبع آزمائی کرکے بزم سلام میں پڑھنے کے لئے پتہ بالا پر ارسال کرنا چاہئے۔

(۱) ختم ہوگیا ہے دل پہ نشان حسین کا

(۲) شبیر سبط سید عالی وقار ہے

دل کے خلوص سے اللہ کے پیاروں کی منقبت میں قلم اٹھایئے اور اپنے کمالات علمیہ کی داد حاصل کیجئے

زائرین کربلائے معلی کو خطرہ عظیم

دریائے فرات کی ہولناک طغیانی میں ابھی تک کمی نہیں ہوئی۔ اگرچہ باعلان ناظم ولایت شام معلوم ہوا کہ پانی کم ہوگیا ہے۔ مگر ابھی چند روز پانی اترنے کی توقع نہیں کیونکہ دریا کا پانی ... تک بھرا ہوا ہے بڑھ جائے اور اس کام میں کم از کم ہفتے لگیں گے۔

ریلوے لائن میں جو مختلف مقامات پر شکست و ریخت ہے ان میں سے ابھی تک پانی بہہ رہا ہے۔ اسلئے آئندہ ... تک بصرہ سے کوئی وصل گاڑی براہ راست نہیں جا ... جن لوگوں کے پاس دریا میں چلنے والے جہاز ہیں ان کی چاندی ہو رہی ہے۔ حکومت نے بھی بہت سے جہاز ... چند پیر والے عطا کر دیئے ہیں۔

اسوقت صورت حال میں اس وجہ سے زیادہ پیچیدگی ہوگئی کہ کربلائے معلی میں دس ہزار کے قریب زائرین عتبات پھنسے پڑے ہوئے ہیں کیونکہ ریلوے لائن ٹوٹ گئی ہے گرفتاران مصیبت میں بہت سے پاپیادہ بغداد کی طرف روانہ ہوگئے ہیں۔ اور ان بیچاروں کو بعض بعض مقامات میں چھاتی چھاتی پانی سے گزرنا پڑتا ہے۔

جناب وائسرائے کی اپیل

ملک معظم کی صحتیابی پر اظہار شکر کے طور پر دکھی اور بیماروں کی تکلیف رفع کرنے کی غرض سے جو فنڈ کھولا گیا ہے اور جسکی ہز ایکسلنسی لارڈ ارون بہادر نے تحریک کی ہے ایک ایسا فنڈ ہے جس ... ہر ہندوستانی کو ... دلچسپی ہونی چاہئے۔ ہندوستان میں ... نہیں بلکہ کروڑوں دکھی ... مفلس اور پریشان لوگ ... گزشتہ ملک معظم کی صحتیابی پر خوشی کے اظہار کا اس سے بہتر طریقہ نہیں ہوسکتا کہ مجوزہ فنڈ کی رقم کے ذریعہ ہسپتال کے مفلس ... مالی امداد دی جائے یا کسی خاص مرض کے لئے ہسپتال کھولا جائے۔

ہم ہز ایکسلنسی لارڈ ارون کی اپیل کی پرزور سفارش کرتے ہیں اور امید ہے کہ اس کار خیر میں ہندوستانی اپنی فیاضی سے حصہ لینگے۔ ملک معظم کی صحتیابی کی یادگار ... جو چندے بھیجے جائیں وہ ہز ایکسلنسی وائسرائے کے پرائیویٹ سکرٹری دہلی کے نام سے بھیجے جائیں۔

ولایت سے خبر آگئی

کہ ہز مجسٹی ملک معظم جارج پنجم قیصر ہند۔ ویسٹ منسٹر ایبی مین ۱۹ جون ۱۹۳۶ء کو خدا کے حضور مین اپنی صحت یابی پر اظہار تشکر و امتنان کرینگے اور حضور کی خواہش ہے کہ اظہار تشکر مین آپکی رعایا بھی ہر جگہ اسی تاریخ شرکت کرے اسلئے ہز امپیریل مجسٹی کی صحتیابی کی خوشی مین ہمارے اخبار کا جو **جارج نمبر** ۴ جون کو شائع ہونیوالا تھا وہ اب اس ارشاد کے تتبع اور موقع کی مناسبت کے لحاظ سے **۱۹ جون** کو شائع ہوگا۔ یہ نمبر بہت سے دلچسپ مضامین اور دعائیہ نظمون اور امرائے ملک کے دلچسپ حالات سے تقریباً سب کاپی ہوچکا ہے۔ اگر آپنے اس نمبر کے لئے کوئی مضمون یا نظم نہ بھیجی ہو تو بہ پتہ ذیل پر جلد سے جلد بھیجا ریجئے تاکہ شائع کردیجائے۔

فضل حسن صابری اڈیٹر اخبار دبدبۂ سکندری
ریاست رامپور یوپی

دیسی ریاستین

ریاست گوالیار

(دبدبۂ سکندری کے رپورٹر سے)

عالیجناب ہوم ممبر صاحب بہادر گوالیار جو تشریف لائے تھے اطراف نرسنگڈھ مین کئی بڑے بڑے شیر شکار کئے اور دورہ فرما کر واپس تشریف لے گئے۔

بھیلسہ میں جو جھگڑا آریہ اور اہل اسلام مین عرصہ ہوا ہوگیا تھا اور آریون کی طرف سے مسلمانون پر چل رہا تھا۔ عدالت سے طے ہوگیا علی حسن خان عبد اللہ خان راجو خان شیراتی اور وفاتی بری ہوئے۔ باقی اشخاص کو سزا ہوئی جو ضمانت پر رہا ہیں۔ عدالت جج ادجین میں اپیل دائر کیا گیا ہے۔ اس جماعت کی مقرر ہوئی ہے۔ سمیع اللہ کانسٹبل پولیس چھاؤنی بھیلسہ کو آریہ پارٹی نے آریہ بنایا تھا مگر اوسکا رعبہ حسب خواہش سمیع اللہ پھر مسلمان کیا گیا اور اسکا ایک بہت بڑا جلوس نکالا گیا جسکا آریہ گروہ کو بہت بڑا قلق اور افسوس ہے۔

بھیلسہ سے جانب بجھار کو ٹھہرا جو تازہ لائن کو ایک ریلوے شاخ بچھانا منظور ہوا ہے۔ مسر دسا ..... ہی ہے لوگون کو بڑا آرام ہو جائیگا۔

قصبہ جاورہ کا گوبند نامی افیم فروش جو سوا ایک من اور کچھ سیر افیون گرفتار ہوا تھا عدالت سے بری ہوگیا کسٹم نے اپیل کیا ہے۔

منشی عبد الرشید خان صاحب افسر سی آئی ڈی گوالیار گورنمنٹ حال ڈپٹی کمشنر کسٹم خاص انگوا ..... کو گوالیار سے تشریف لا کر واپس گئے۔

منشی نول کشور صاحب سب جج بھیلسہ کی جو شکایت اخبار ترن ..... اجمیر مین شایع ہوئی ہے وہ بالکل غلط ہے صاحب موصوف نہایت نیک اور نفیس مزاج و رعیہ پرور ملازم ہین آپکے ..... ہم بھی حوالہ قلم کرینگے۔

پرسوتم راؤ صاحب اکسائز انسپکٹر بھیلسہ تبدیل ہو گئے۔ انکی جگہ جو صاحب سرکار نواس ملہار آئے ہیں ان سے بھی خوب خوش لوگ ہیں۔ منسار ..... دفتر مین ..... ہیڈ محرر سید سرفراز علی صاحب بااخلاق ہیں۔

ایضاً

آریہ کی جماعت بھیلسہ اور چھاؤنی بھیلسہ مین و قصبہ بجھار مین بڑھی .....

جاتی ہے۔

تحصیلدار صاحب بھیلسہ کی بندوق سے جو آدمی اتفاقیہ مر گیا اوسکا مقدمہ طول کھینچ رہا ہے۔

بھیلسہ سے خفیہ فروش افیونیون کی اس اطراف مین گرفتاریان ہو رہی ہین اور بڑے بڑے رئیس گرفتار ہو رہے ہین۔

ڈسٹرکٹ انسپکٹر ..... جنکے علاقہ کا یا ہاکی ..... تھا ..... کے دوسرے مقامات کو تباہ ہو گیا تھا آن کو نقصان .....

ریاست بھوپال

مولانا شوکت علی صاحب نے بھوپال پہونچکر علیا حضرت بیگم صاحبہ اور محترمہ تاجدار بھوپال مدظلہا سے شرف نیاز حاصل کیا۔ اس وقت سرکار عالیہ برقعہ پوش نہ تھین مگر پاؤن تک اسلامی شان کے مطابق ڈھکی ہوئی تھین جنکے چہرہ نورانی پر اسلامی انوار و برکات معلوم ہوتے تھے۔ آپنے دست مبارک بزرگانہ خوش اخلاقی سے بڑھایا مولانا شوکت علی صاحب نے دست مبارک کو بوسہ دیا اور اپنی آنکھون سے لگایا۔ ان کو بے ساختہ سرکار عالیہ کو دیکھکر اپنی والدہ مرحومہ یاد آگئین۔ اور انکی آنکھون مین آنسو بھر آئے سرکار نے فرمایا کہ آج پہلی مرتبہ مین تمھارے سامنے بغیر برقعہ کے آئی ہون۔

اب تک سنٹرل جیل بھوپال مین قیدیون سے جو کچھ کام لیا جاتا تھا اسکی تمام اجرت بحق کارخانہ جمع ہوتی تھی لیکن اب حکومت نے ایسا انتظام کیا ہے کہ اجرت مین سے نصف حصہ بحق کارخانہ جمع اور نصف حصہ بحق قیدی جمع رکھا جائے اور بوقت رہائی اسکو دیا جائے۔ پبلسٹی افسر بھوپال کی اطلاع ہے حکومت بھوپال کی اس تجویز کی تعریف نہیں کیجا سکتی۔

دیسی ریاستون کا چندہ

ہز مجسٹی ملک معظم کی صحتیابی کی خوشی مین وائسرائے نے خدا تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنے کے نام سے جو فنڈ کھولا ہے اوس مین دیسی ریاستون کے والیون نے حسب ذیل چندہ دیا۔

ہز ہائنس سر نواب صاحب بہاولپور	دس ہزار روپیہ
مہاراجہ صاحب جیند دس ہزار روپیہ	نواب صاحب دیر کوٹہ دو ہزار روپیہ
مہاراجہ صاحب دتیا ایک ہزار روپیہ	رئیس ..... پانچ سو ۵۰۰
خان بہادر جناب قاضی عزیز الدین احمد صاحب وزیر اعظم ریاست دتیا دو سو روپیہ ۲۰۰	

مملکت آصفیہ حیدرآباد دکن

حیدرآباد دکن اور سکندرآباد میں عید اضحیٰ بخیر منائی گئی۔ حیدرآباد دکن کے بیس ہزار مسلمانوں نے مولانا ... کے پیچھے عیدگاہ میں نماز عید ادا کی۔ ہز اگزالٹڈ ہائینس نظام ... نے حیدرآباد کے باغ عامہ کی مسجد میں نماز عید ...

ہز اگزالٹڈ ہائینس حضور نظام دکن خلد اللہ ملکہ ... کے آغاز میں ہندوستان کی طویل سیاحت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اعلیٰحضرت اس سیاحت کے دوران میں دہلی اور لکھنؤ اور بعض دیسی ریاستوں میں بھی تشریف لیجائینگے۔

ریاست کشمیر

جناب حضرت سید جماعت علی شاہ صاحب سجادہ نشین علی پور ... ضلع سیالکوٹ کے داخلہ کشمیر پر مہاراجہ صاحب کشمیر کے ... میں قیام فرمانے کے دوران میں حکام کشمیر نے جس قدر پابندیاں عاید کی تھیں ہز ہائینس مہاراجہ صاحب کشمیر نے ... وہ تمام پابندیاں منسوخ کردیں۔ اب جناب شاہ صاحب کو کشمیر میں بے روک ٹوک جانے کی اجازت ہے۔

بٹلر رپورٹ کے سلسلے میں والیان ہند کی ملاقات ہز اکسیلنسی وایسرائے سے

... ہے کہ بٹلر کمیٹی نے ریاستہائے ہند کے متعلق جو رپورٹ لکھی ہے ... ریاستوں کے والیان کا ... ۲۳ جون کو بمبئی میں ... جلسہ ہوگا ... ۲۶ جون کو ان کا ایک وفد ... وایسرائے ہند کی خدمت میں باریاب ہوگا ... دعا ہے کہ ... ان کی رائے سے واقف ہو کر ... خیالات کر سکیں۔

الریاستہ مصطفیٰ آباد عرف رامپور

... صاحبان نے عید ... مبارکباد پیش ... اور عام تعطیل ہوئی۔

یوم جوان کو بہ تقریب سالگرہ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم ... عام تعطیل تھی۔

آج ۳ جون کو علی الصباح حسب الحکم اعلیٰحضرت حضور پرنور ملک معظم دام اقبالہم کی سالگرہ نہایت دھوم دھام سے منائی گئی۔ ریاست کی تمام پیدل اور سوار فوجیں اور توپخانہ ساڑھے آٹھ بجے میدان پریڈ امپیریل سروس لانسرز میں جمع ہوئیں۔ گو شب کی کثرت بارش سے اندیشہ ہوا تھا کہ کہیں پروگرام میں تبدیلی نہ کرنا پڑے مگر وقت سے کچھ قبل بارش بند ہوجانے سے تمام کام پروگرام کے بموجب عمل پذیر ہوئے۔ افواج نے مارچ پاسٹ کیا۔ توپخانہ نے شاہی سلامی کے فیر کئے۔ اور ہز امپیریل مجسٹی ... کی صحت و سلامتی کیلئے چیرز دئے گئے۔ تمام دفاتر و محکمہ جات ریاست و مدارس میں عام تعطیل ہے۔ قیدیوں کی رہائی کے علاوہ خیرات بھی کی گئی اور سلطنت تاج برطانیہ عظمیٰ سے ایک وفادار ... جذبۂ وفاداری کا اظہار فرمایا۔ ہم بھی اپنے تمام وطن کی جانب سے حضور ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم جارج پنجم قیصر ہند کو دلی تہنیت سالگرہ مبارک پیش کرتے ہیں۔

خوشی و شادمانی مسرت و کامرانی

... کی آواز میں خاص باغ پیلس سے سامعہ نوازی کر رہی ہیں۔ جذبہ دلی ... کہہ رہا ہے کہ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم کی خوش اقبالی کی قسم کھائی ہے۔ یہ مجھ ایسے دعاگو یان دولت کی ... خوشی کے ... بس اتنی عرض ہے کہ خدا تعالیٰ تازہ کامیابی مبارک کرے اور یہی ...

خدا تجھکو ہمیشہ کامیاب زندگی رکھے

... دنیا میں ... رکھے

اور ایک ... بھی ان کا ... کوئی حسب خواہ ... دے۔

مواضعات مستاجری کا انتظام

زندہ باش صاحبزادہ محمد عبد المجید خان بہادر سی آئی ای منسٹر ... رامپور ... انتظام مواضعات مستاجری ... آج کل آپ ... مصروف ہیں اور اس سلسلہ کی جو سکیم جناب والا نے مرتب فرمائی اور ... رعایا نوازی ... اعتراف ہے ... جناب والا کے تدبر اور وفادارانہ جذبۂ خلوص ریاست اور رعایا نوازی ایسے شاندار امور کا پبلک کے دلوں پر نقش ... پاتا ہوں ... جناب والا نے اعلیٰحضرت کی مستاجری ... رعایا کو ... نکالا ہے من حیث القوم ... جناب والا کا شکریہ ... امور ...

نہایت افسوس

ہے کہ منشی بہادر ولی شاہ صاحب سابق … سند رہے ۱۸ مئی ۱۹۲۶ء کو تھوڑے … بیمار رہکر بلاوہ قضا کی ۔ منشی صاحب آنجہانی ایک نہایت دیرینہ لائق اہلکار تھے ۔ نہایت عزیز جوش اور زبردست حافظہ رکھتے تھے اخلاق بھی وسیع تھا ۔ ۲۰ نومبر ۱۸۸۵ء سے ملازم ہوئے … فریضہ کی خدمات نہایت کامیابی سے انجام دیتے رہتے تھے ۔ ہم کو ان کی وفات کا قلق ہے کہ ریاست کا ایک لائق اہلکار جلد ہم سے چھین لیا ۔ آنجہانی کی بیوہ سے ہمکو ہمدردی ہے

آتشزدگی

۲۰ مئی کو رات کے ۸ بجے جبکہ تیز و تند ہوا چل رہی تھی جناب مولانا حافظ عنایت اللہ خان صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ کے متصل جو بیچاروں کے جھونپڑے کے مکانات تھے ان میں سنا ہے کہ کسی نے رات کے آسمانی آتشبازی کے انار گرنے سے آگ لگ گئی ۔ آگ کے شعلے خوفناک طریقے سے بلند ہو رہے تھے ۔ آناً فاناً سیکڑوں آدمیوں کا مجمع ہوگیا لوگوں نے آگ بجھانے میں قابل تعریف طریقے سے مدد دی اور مشکل سے آگ کو قابو میں کیا ۔ اگر آسمانی انار وجہ آتشزدگی مان لیجائے تو مالک کو خود ایسی تکلیف دہ شے استعمال کرنی چاہئے ۔ اور اپنے ملک کو ان حوادث سے بچانا چاہئے اور اپنے بچوں کو بھی آگ کی راہ صرف کرنے سے روکنا چاہئے تو مناسب ہوگا

بارش

رات دن کی باد سموم اور گرد و غبار نے تنگ کر رکھا تھا ۔ رحمت ایزدی نے کرم فرمایا اور ۲۲ جون کو رات کے ۱۱ بجے نزول باران رحمت ہوا ۔ بجلی چمکتی رہی اور بادل گرجتے رہے اور صبح ۴ بجے تک بارش کا سلسلہ جاری رہا ختم ہوا ۔ الحمدللہ امید سے زیادہ بارش ہوگئی ۔ اللہ عزوجل انجام بخیر فرمائے ۔ یہی وہ نعمت ہے جو اپنے اعتدال پر ملک کو سرسبز و شاداب کر سکتی ہے ۔ اسکے غیر معتدل ہونے نے مستاجرین … لوگوں پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے ۔

جناب مولوی منشی حافظ احمد علی خان صاحب شوق سردار ڈیوڑھی مبارک ریاست رامپور نے

تذکرہ کاملان رامپور

لکھ کر ہمارے وطن کی ایک بڑی خدمت کی ہے ۔ آپ نے یکسر گمنام مشاہیر اہل قلم … جن میں اہل علم میں … خود اسکے نام سے بے خبر ہیں ۔ … کی مشکلات سے جو لوگ واقف ہیں وہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ۵۰۰ صفحات … کی کتاب مرتب کرنا اور ان لوگوں کے حالات جمع کرنا … ہی کی دنیا سے مفقود ہوں … ہم کچھ عرض … کہ وہ زندہ ہیں اور انکے حسن قبول … سکے اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم کے نام نامی سے معنون ہونے کا شرف حاصل … وطن کو بے انتہا … قوم کے حالات کے اس گنجینہ کو ہاتھوں ہاتھ لینا چاہئے ۔ جو بہادر پریس دہلی کی پاکیزہ چھپائی … سے مزین ہوکر بصد زیب … ہر دو … سونے … ۳ روپیہ اسکی قیمت ہے جو خاص … تاج کمپنی دہلی سے اور یقیناً ریاست رامپور کوچہ … کے بڑے حافظ صاحب موصوف سے ملیگی ۔

ہم مشکور ہیں کہ جناب حافظ صاحب موصوف نے ایک جلد ہمیں اسکی عنایت کی

رسالہ نیرنگ

رامپور کا ایک ماہوار … نمبر جون کے آخر میں غیر معمولی حسن و اہتمام کے ساتھ شائع ہوگا ۔ اسمیں علم ادب کے ہر لطیف شعبہ پر دلچسپ اور پُر معلومات … شائع ہونگے قیمت فی جلد … مشتہرین بابت اشتہارات کے منیجر صاحب رسالہ نیرنگ رامپور سے خط و کتابت کریں ۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ ہے ۔

نوٹ اور خبریں

حجاج

کی روانگی شروع ہوگئی ہے چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ اکبری نامی جہاز جس میں … حجاج سوار ہیں جدہ سے کراچی روانہ ہوگیا ہے اور ۵ جون تک وہ کراچی پہونچ جائیگا دوسرا جہاز … زائرین حرمین شریفین کو لیکر ۲۰ مئی کو جدہ سے کراچی روانہ ہوگیا ہے جو … جون تک پہونچ جائیگا

صاحب وزیر اعظم دنیا کی فراخدلی

قاضی عزیز الدین احمد صاحب بہادر وزیر اعظم ریاست … کسی تعارف کا محتاج نہیں آپ … ایک مدبر … اور بیدار مغز … ہیں … ان کی ذات بابرکات … بڑی خوبی جو آپ میں پائی جاتی ہے وہ … آپ … ہیں اور ہندو مسلمان … خیال کرتے ہیں چنانچہ معلوم ہوا …

شاہ امان اللہ خان

اعلیٰ حضرت امان اللہ خان اسپیشل ٹرین میں لاہور دہلی ہوتے ہوئے ... کو ... بجے سوا نو بجے بخیریت بمبئی وارد ہوئے جیسا کہ چند دن پہلے عرض کیا جا چکا ہے آپ اپنی پارٹی کے اطالیہ جا رہے ہیں ہر جگہ لوگوں کا جم غفیر جمع تھا اور شاہ کو خیر مقدم پیش کر رہے تھے۔ شاہ امان اللہ کے انجام پر جو کچھ ... ہز ایکسلنسی وائسرائے اور شاہ امان اللہ کے درمیان پیامات کا تبادلہ ہوا ... جو حسب ذیل ہے۔

ہز ایکسلنسی وائسرائے کا پیغام

اعلیٰ حضرت ملکہ ثریا اور آنجناب کے افغانستان سے چلے آنے کی خبر سے مجھے بے حد رنج ہوا ہے میں نے اپنے ماتحت افسروں کو حکم دیا ہے کہ وہ اس تکلیف دہ موسم میں آنجناب کے سفر ہند کی تکالیف و مشکلات کو رفع کرنے کی انتہائی کوشش عمل میں لائیں اور حضور کو ہر ممکن راحت پہنچائیں مزید برآں آنجناب اس امر کا یقین رکھیں کہ وہ لوگ آنجناب کے سفر کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ بنانے کے لئے ہر وقت آنجناب کی خدمت کے لئے حاضر ہیں۔

شاہ امان اللہ کا جواب

میں ہز ایکسلنسی کے مہربانی آمیز پیغام سے بے حد متاثر ہوا ہوں ایک ایسے موقع پر جب اپنے سفر ہند کے دوران میں ہز ایکسلنسی کی طرف سے مجھے ہر طرح کی سہولت حاصل ہوئی اور مجھے ہر طرح کا آرام و راحت پہنچا ان افسروں نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا ہمارے سفر ہند کو آرام دہ بنانے کے لئے ہز ایکسلنسی نے اپنے ماتحت افسروں کو جو ہدایات دی تھیں میں ان ... ہز ایکسلنسی کی دوستانہ توجہ کے لئے میں اور ملکہ ثریا ہز ایکسلنسی کے سپاس گذار ہیں۔

شاہ امان اللہ خان نے حکومت ہند سے عہد کیا ہے کہ وہ سیاسی امور کے متعلق کوئی بحث و تمحیص نہیں کریں گے اور ہندوستان میں کوئی ... نہیں لیں گے۔

۲۸ مئی کو بمبئی میں پنڈت موتی لال نہرو نے شاہ امان اللہ اور ملکہ ثریا کی خدمت میں پھولوں کی ایک آراستہ و پیراستہ ٹوکری ایک لفافہ کے ساتھ ارسال کی ... پنڈت جی نے اپنے پیغام میں ہندوستان کی مجلس کانگریس کی طرف سے ذات ہمایونی کے ساتھ عقیدت و ارادت کا اظہار کیا ہے۔

۲۹ مئی کو بمبئی کے گورنر نے شاہ امان اللہ خان کے ... [illegible]

پیامات آئے گئے ہیں

گورنر بمبئی کا پیام

مجھے اعتماد اور وثوق ہے کہ اعلیٰ حضرت شاہ امان اللہ اور علیا حضرت ملکہ ثریا اور شاہی پارٹی کے افراد حفاظت اور راحت و آرام کے ساتھ بمبئی پہنچ گئے ہیں میں نے اپنے ماتحت افسروں کو ہدایات دی ہیں کہ وہ حضرات شاہ کو ان کے قیام بمبئی کے دوران میں ہر ممکن راحت و آرام پہنچائیں۔

شاہ امان اللہ خان کا جواب

میں مہربانی آمیز پیغام کے لئے ہز ایکسلنسی کا شکریہ ادا کرتا ہوں علیا حضرت کو سفر کے اثنا میں کوئی تکلیف نہیں ہوئی اور ہم دونوں ان اعلیٰ انتظامات کے لئے جو ہمارے ورود بمبئی کے موقع پر عمل میں لائے گئے اور جو آرام و راحت ہز ایکسلنسی کی حکومت کے افسروں کے ذریعے سے ہمیں بمبئی میں حاصل ہوئی ہے سپاس گذار ہیں۔

بمبئی میں شاہ امان اللہ اور ان کی پارٹی کے افراد جو تاج محل ہوٹل میں اقامت گزیں ہیں لوگوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ شاہ کے حضور عامہ تک آسانی کے ساتھ باریابی ہو سکتی ہے۔ حضور ممدوح ادنیٰ و اعلیٰ کو یکساں طور پر شرف باریابی بخشتے ہیں۔ آپ نے ملاقات اور گفتگو کے ظاہری تکلفات و مراسم ترک کر دیے ہیں۔

زمیندار کی بدگوئی

اخبار زمیندار لاہور ... کو جس بری طرح سب و شتم کرتا رہتا ہے وہ کسی ... ان صفحات میں دہرائی گئی ہے حال میں ... ایک نیا فتنہ ایجاد کیا ہے کہ اپنی ۲۵ مئی کی اشاعت کے کالموں میں حضرت جناب مولانا مولوی حاجی حافظ پیر سید جماعت علی شاہ صاحب قبلہ علی پوری دامت برکاتہم پر بہتان عظیم باندھا گیا ... کے دوران میں آپ نے ہزاروں مرید انگریزی فوج میں بھرتی کرائے حالانکہ یہ سراسر جھوٹ اور بے اصل ہے اس پر حضرت کے ایک متوسل نے ظفر علی خان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے دعویٰ کو ثابت کریں اور ہزاروں کے بجائے صرف ایک ہزار آدمی کی فہرست شائع کریں جن کو حضرت ممدوح نے بھرتی کرایا ہو اور اسی پر وہ جن کا نام عبدالرشید صاحب ولد حافظ عبدالرحمن صاحب مرحوم ساکن ... تحصیل ... ضلع سیالکوٹ ... ایک ہزار روپیہ نقد انعام ظفر علی خان کو ادا کرنے کا اعلان اخبار سیاست لاہور میں کر رہے ہیں۔
سمجھ میں نہیں آتا کہ زمیندار انہیں برگزیدہ ہستیوں پر کیچڑ اچھالتا رہتا ہے

جنھیں دنیا سے خوف ہے کوئی آگاہ ہے اب اگر دس کروڑ حوصلہ ہے تو سمجھا ہے اگر ایک لاکھ روپیہ کی رقم غصب باتوں باتوں میں کیونکر حاصل کرتا ہے جس سے وہ اپنے کاروبار کو بسہولت تمام چلا سکتا ہے اور اگر وہ یہ ایک لاکھ روپیہ حاصل نہیں کر سکتا تو کم از کم آئندہ اس کو اپنی فوج کا بہادر سپاہی بننا چاہئے۔

دوسرا بہتان سنئے۔ یہ اشاعت تازہ میں تحت عنوان جلی چھپ رہا ہے کہ مولانا حیدر علی صاحب نے جلسہ امان اللہ خان کی افغانستان سے چلے آنے پر نہایت اپنی مسرت و بہجت کا اظہار کیا اور اپنے خطبہ جمعہ میں بچہ سقہ کو جلیل القدر شاہ افغانستان تسلیم کرتے ہوئے اس کے نام کا خطبہ پڑھا اور نماز کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی اسکو پڑھکر نامہ نگار روزنامہ سیاست لاہور نے جریدۂ مذکور کو اطلاع دی ہے کہ میں شاہد عینی ہونے کی حیثیت سے نہایت وثوق اور اعتماد کے ساتھ اس امر کا اعلان کرتا ہوں کہ زمیندار نے جو کچھ لکھا ہے از سرتاپا غلط افترا اور بہتان ہے۔ مسجد میں تقریباً دو ہزار کا مجمع تھا جو اس بات کا شاہد ہے کہ نہ تو امان اللہ خان کے تشریف لانے پر اظہار مسرت کیا گیا نہ بچہ سقہ کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور نہ ہی شیرینی تقسیم کی گئی۔

مجلس مقننہ صوبجات متحدہ

ہز اکسلنسی سر مالکم ہیلی گورنر صوبجات متحدہ بالقابہم نے مجلس مقننہ صوبجات متحدہ کی میعاد حیات میں ایک سال کی توسیع منظور فرمائی ہے اسلئے سال رواں میں کوئی انتخابات نہ ہونگے۔

جدید وائسرائے کا حلف وفاداری

ہز اکسلنسی لارڈ ارون وائسرائے ولایت جانے والے ہیں انکی جگہ لارڈ گوشن ۲۹ جون کو بمبئی میں وائسرائے کے عہدہ کا حلف لینگے۔ اور اسی تاریخ سنا ہے مسٹر جی سٹار جی گورنر بمقام گورنر مدراس مقرر ہونگے۔

ملک معظم کی صحت یابی

خدا کے حضور میں شکریہ

شملہ ۶ جون ۔ ہز ایکسیلنسی حضور وائسرائے بہادر کے پرائیویٹ سکریٹری کی ایک اطلاع ہے کہ ہز اکسلنسی وائسرائے کو صاحب زیر سند بہادر کی طرف سے ایک پیغام ملا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور ملک معظم کو خدا نے مرض میں جو صحت عطا فرمائی ہے اس کیلئے حضور موصوف ۷ جولائی ویسٹ منسٹر ابی میں حاضر ہو کر خدا کے حضور میں اظہار شکر و امتنان کرینگے حضور کی خواہش ہے کہ اس اظہار شکر میں آپکی رعایا بھی شریک ہو سکے۔ اسلئے ہز اکسلنسی وائسرائے بہادر ۷ جولائی کو شملہ میں حضور میں اظہار شکر کے واسطے گرجا میں حاضر ہونگے اور حضور کا منشاء ہے کہ اس دن ہندوستان بھر میں یونہی عبادت کی جائے گی۔

بچہ سقہ کا پیغام سردار علی احمد جان کے نام

پنجاب پریس پر روس کی اطلاع ہے کہ بچہ سقہ نے سردار علی احمد جان کے نام ذیل کا پیام ارسال کیا ہے کہ میرے پیارے بھائی مجھے شاہ کے تمہارے اچانک روانہ ہو جانے کی خبر سنکر کوئی خوشی نہیں کیونکہ وہ میرے ہاتھ سے زندہ بچ نکلا۔ تمہارے لئے یہ مناسب ہے کہ تم اس جگہ بیٹھ جاؤ جو شاہ مذکور نے خالی کی تھی اسلئے میں تمہیں تاکید کرتا ہوں کہ میری اطاعت اختیار کرو۔ ورنہ مجھے تمہارے خلاف کارروائی کرنی پڑیگی جس سے تم مجبور ہو کر کسی خارجی ملک میں پناہ لینے پر مجبور ہو گے۔ جو شاہ امان اللہ خان کا ہوا۔ اگر تم میری اطاعت اختیار کر لو تو میں تمہارے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرونگا۔ بلکہ تمہیں اپنی افواج کا کمانڈر بنا دونگا۔ یہ بھی خبر ہے کہ بچہ سقہ نے افغانی کابل میں ہزار روپیہ انعام اس شخص کیلئے مقرر کیا ہے جو سردار علی احمد جان کو زندہ گرفتار کرے۔

آم کھائیے

فصل شروع ہو گئی فرمائش بعجلت تمام جلد ارسال کریں

زعفرانی، بمبئی، سفیدہ، لنگڑا، فجری، وغیرہ وغیرہ اور بڑے کی سب قسم چھوٹے بڑے تخم و پیوند سال بھر کی ہر قسم ملتی ہے ارسال ہونگی نشانات جلد روانہ کریں

اطلاع آم اور گلابی بیجوں کی قسمیں اور مختلف تخم کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

سپرنٹنڈنٹ ایب گارڈن نمبر ۸۵ دربھنگہ (بہار)

برص سفید داغ

ایک دن میں جڑ سے آرام

اگر ہماری جڑی بوٹی کے ایک دن میں لگانے سے بدن کے سفید داغ بالکل نہ جاتے رہیں تو کل قیمت واپس (اقرار نامہ لکھا لیں قیمت فی شیشی تین روپیہ دو آنے)

دفتر معالج برص نمبر ۵۵ دربھنگہ بہار

اعلان تعطیل اخبار بوجہ اختتام سال ۱۲ و ۱۳ جون ۲۹ء آئندہ پرچہ ...

خدائی قدرت کا تماشہ دیکھیے

کیونکر

بذریعہ

معجون کایا پلٹ

معجون العقد اکسیر الانسان جو تمام مضر چیزوں سے پاک و صاف مرکب ہے [illegible] میں عجیب اثر رکھتی ہے کی وجہ ہے کہ تمام اطراف و اکناف [illegible] کو بوڑھا ہو چکا ہے ۵ یا ۶ سال عمر جب [illegible] ہو چکی ہے۔ اعضائے رئیسہ دل و دماغ [illegible] جوانی میں [illegible] اولاد سے ہوئی وقت پر زندگی بزدلی سے [illegible] کبھی موت کے خیالات کا ذہن میں چکر لگا [illegible] میں رعشہ تھوڑی محنت سے بہت تھکاوٹ چہرہ بے رونق [illegible] و حکایات کو ترک کر کے اس قدر یاوہ [illegible] کرنا مشکل ہو جاتا ہے [illegible] آب حیات سے کم نہیں جو اپنے ہاتھوں سے اپنے جوہر جسم کو [illegible] ہم صدقدل سے وعدہ کرتے ہیں کہ معجون کایا پلٹ [illegible] دوسرے مرد اور عورت سے جوان بنا دیگی اور جسم [illegible] کی لاش بنا کر [illegible] سر تا پا بحال کر دیگی [illegible] ایک مہینہ کا [illegible] دوا خانہ [illegible] سال سے قائم ہے [illegible] کی تعمیل کرتا ہے [illegible] دوا خانہ [illegible] اخبار کا حوالہ ضرور

ملنے کا پتہ

مرزا [illegible] عطار مالک دوا خانہ معین العلاج [illegible] کوٹھی و کٹوریہ سٹریٹ لکھنؤ

ریاست ٹونک کے مصنوعات

[illegible] بہترین تحفہ [illegible] مناسب [illegible] خط و کتابت کیجیے [illegible]

[illegible] صابر حسن خان قادری فاروقی [illegible]

سرمہ قادری

بزرگوں اور اسرار کے تیک بندوں کا عطیہ ہے تجارتی اشتہاری شے نہیں ہے صرف لاگت کے واسطے جاتے ہیں آنکھوں کی جملہ امراض [illegible] دھند [illegible] وغیرہ آنکھ کے لئے مفید [illegible] ہو تو منگا کے مفید ثابت ہو تو سارٹیفکٹ عطا کیجیے قیمت [illegible]

بذریعہ وی پی [illegible] ملنے کا پتہ

صابر حسن خان قادری فاروقی سب اڈیٹر دبدبہ سکندری

آپ اپنی خود حفاظت کیجیے

آپ اپنی خود حفاظت کسطرح کر سکتے ہیں [illegible] اپنے جسم کو تندرست و توانا رکھتے ہیں [illegible] جسم کو تندرست رکھنے کے لئے

معجون حیات [illegible] اجزا سے مرکب کیا جاتا ہے [illegible] ثابت ہوا ہے ہمارا [illegible] اشتہاری [illegible] میں نشو و نما حاصل کر [illegible] ایک بزرگ عارف باللہ کا ایک معتبر دستور معجون پیش کرتے ہیں [illegible] حیات [illegible] کوئی چیز نہیں ہے [illegible] ملک کے لوگ شوق سے استعمال کر سکتے ہیں [illegible] خواص یہ ہیں۔

مقوی باہ۔ مقوی دل و دماغ و تولید مادہ حیات۔ رنگ کو سرخ کرنے والا جسم میں توانائی و طاقت کی ایک لہر دوڑا دینے والا۔۔۔۔۔۔

[illegible] ترکیب استعمال ہمراہ معجون ارسال [illegible] ہے خاص [illegible] قیمت [illegible]

تیار ہو گیا

لوبان کا تیل صدری اجزا و ترکیب سے

ہر گھر میں بلا لحاظ موسم ہر شخص استعمال کر سکتا ہے [illegible] مقوی [illegible] بے ضرر دوا [illegible] کا کام دیتا ہے [illegible] فائدہ استعمال [illegible] محسوس ہو جائیگا [illegible] فائدہ ہونا [illegible] لوگ استعمال کر سکتے ہیں [illegible] قیمت فی شیشی ایک تولہ [illegible] خریدار [illegible] ماشہ کی شیشی کی قیمت [illegible] خریدار

ملنے کا پتہ صابر حسن خان قادری فاروقی

سب اڈیٹر دبدبہ سکندری

مطبع حسنی ریاست رامپور میں حسب الارشاد جناب مولوی محمد حسن خان صاحب مرحوم باہتمام فضل حسن ... اڈیٹر و منیجر و پروپرائٹر چھپا اور منشی محمد امیر حسن خان صاحب بریلوی و منشی صاحب حسن خان قادری نے مشتہر